مکینوں کے نام ای میل

موضوع کی سطر: NYCHA کے تبدیلی کے منصوبے پر اپ ڈیٹ

NYCHA کے محترم مکین،

ہمیں NYC ہاؤسنگ اتھارٹی (NYC Housing Authority, NYCHA) کے تبدیلی کے منصوبے (Transformation Plan) کا اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ (U.S. Department of Housing and Urban Development, HUD) کے ساتھ NYCHA کے 2019 کے معاہدے کے حصے کے بطور، یہ تبدیلی کا منصوبہ وہ متعدد طریقے بیان کرتا ہے جن کے ذریعے اتھارٹی مستحکم تر تنظیم بن جائے گی اور بہتر ڈھنگ سے آپ کی خدمت کرے گی۔ یہ پلان آج HUD اور امریکی اٹارنی کے دفتر برائے نیو یارک کے سدرن ڈسٹرکٹ کے تعاون سے جاری کیا گیا تھا، اور ہم نفاذ کے مرحلے میں آگے بڑھتے ہوئے ان کے ساتھ اور وفاقی مانیٹر کے ساتھ شراکت جاری رکھیں گے۔

یہ منصوبہ ان خیالات اور تاثرات سے تیار کیا گیا تھا جو 2019 اور 2020 کی پوری مدت میں ورچوئل ٹاؤن ہالز، ای میلز، سوشل میڈیا، فون کالز اور دیگر مشغولیتی سیشنز کے ذریعے مکینوں اور عملہ سے ہمیں براہ راست موصول ہوئے تھے۔ اصل میں، تبدیلی کا منصوبہ وہ پہلا منصوبہ تھا جو NYCHA نے عوامی تبصرے کے لیے دستیاب کرایا تھا۔ ہم منصوبے کی حکمت عملیوں کو زندگی میں ڈھالتے وقت آپ کے تاثرات کو ضم کرنے کے لیے آپ جیسے پارٹنرز کو مشغول کرتے رہیں گے – ستمبر 2021 تک ایک نفاذ کے منصوبے کا پہلا حصہ اور جون 2022 تک دوسرا حصہ تیار کرنا اس کے اگلے مراحل ہیں۔ نفاذ کے منصوبے ایک مزید اثر پذیر اور مؤثر تنظیم بننے کے لیے NYCHA کی تشکیل نو کی رہنمائی کریں گے۔

تبدیلی کا منصوبہ NYCHA کے *تبدیلی کے بلیوپرنٹ (Blueprint for Change)* کا حصہ ہے، جو اتھارٹی کو مستحکم بنانے اور آپ کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے خیالات کا ایک مجموعہ ہے، جس میں 110,000 اپارٹمنٹس کی پوری طرح سے آرائش نو کرنے کے لیے فنڈز اکٹھا کرنا شامل ہے۔

تبدیلی کا منصوبہ ان امکانی تنظیمی اور عملی تبدیلیوں کو جاگزیں کرتا ہے جو کسٹمر سروس اور ہماری ڈیولپمنٹس میں موجود حالات کے تئیں اثر پذیری کو بہتر بنائیں گی، بڑے پروجیکٹس وقت پر مکمل ہونے کو یقینی بنائیں گی، اور پراپرٹی کے نظم و نسق کی کارکردگی کے پیمانوں کے ذریعہ جوابدہی کو فروغ دیں گی۔ اس کی پیشقدمیاں ہمیں بہتر ڈھنگ سے اپنی پراپرٹیز کا نظم کرنے اور ہماری محدود فنڈنگ کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے کے قابل بنائیں گی، جبکہ یہ سبھی آپ کے معیار زندگی کو بہتر بنائیں گی۔

کچھ عملی اصلاحات جو پہلے سے ہی جاری ہیں ان میں نیا نیبرہوڈ ماڈل (Neighborhood Model) (جو قدرے چھوٹی پراپرٹی کے نظم و نسق کی پورٹفولیوز بناتا ہے اور ڈیولپمنٹس میں مزید فیصلہ سازی اور وسائل لاتا ہے) اور مکینوں کے لیے ایک ہموار سالانہ جائزہ کا عمل شامل ہے۔ اس منصوبے میں NYCHA کے نظم و نسق کے ڈھانچے کو ہموار بنانے، متبادل کام کے شیڈول (Alternative Work Schedule) کا پروگرام بہتر بنانے، ٹیکنالوجی کے ذریعے پیداواریت بہتر بنانے، مکین کی شراکتیں بڑھانے اور مکینوں کے لیے معاشی مواقع کی توسیع کرنے، اور آموزش اور ترقی کے ذریعے ملازمین کو با اختیار بنانے کے خیالات بھی شامل ہیں۔

براہ کرم NYCHA کی [ویب سائٹ] ملاحظہ کر کے تبدیلی کا منصوبہ اور دیگر *بلیوپرنٹ* کے مواد پڑھیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات یا تبصرے ہوں تو، آپ blueprint.comments@nycha.nyc.gov پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

مخلص،

Greg Russ
سربراہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر

Vito Mustaciuolo
جنرل مینیجر